EXTRAORDINARY RAMPUR GOVT. GAZETTE

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز یکشنبہ تاریخ ۸ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء مطابق یکم شوال سنہ ۱۳۱۱ھ	جلد ۶

حکم اجلاس کامل مورخہ ۲۷ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

ڈپٹی ڈاکٹر صاحب بہادر و سومتھ صاحب پریزیڈنٹ بہادر مورخہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء بدرخواست عطائے پنشن نرائن داس اسسٹنٹ شفاخانہ صدر رامپور کونسل مین پیش ہوئی - نرائن داس ۴۲ سال کا ملازم ہی اس ریاست کا و ریعی تنخواہ پاتا ہے لہذا کونسل خاص طور پر اوکی پنشن منظور کرتی ہی لیکن آئندہ کسی دوسرے کیواسطے نظیر نہوگی نہ سند گردانی جائیگی نرائن داس کو بعد علیحدگی خدمت سے آٹھ روپیہ ماہوار پنشن دیجاوے مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر رسل ہو -

حکم جناب صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہون اور بخشی فوج و اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - یکم اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

اضافہ

حافظ اسد علیخان مہتمم نمایش خانہ و عجائب خانہ کو ۵ عدد ماہوار تنخواہ علاوہ الاونس کے ملتی ہی چونکہ انکا کام اچھا ہی اور بوجہ اسکے کہ ایک کارخانہ شہر مین اور ایک بیرون شہر ہی محنت اونکو زیادہ رہتی ہی لہذا حافظ اسد علیخان کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار ترقی ہوگی

یکم اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء

ملاحظہ ہو کر احکام لکھے گئے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ملک منعقدہ ماہ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء

منشی محمد سعد اللہ خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی محمد ولی مظفر خان صاحب سکریٹری کمیٹی

شرکا جلسہ ملازمین

منشی وصی الدین محرر صفائی ممبر - حکیم سید عباس علی ممبر -

شرکا جلسہ غیر ملازمین

لالہ بشیشر دیال وکیل ممبر - ننھے خان ٹھیکہ دار ممبر - قاضی علی حسین سکنہ کہاڑہ ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) ڈلی رام بقال کے احاطہ مین گھورہ بہت جمع ہے کہ جس سے احتمال وبا کا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ڈلی رام بقال کو ہدایت کیجاوے کہ وہ فوراً گھورا احاطہ سے اٹھوا دیوے بحالت نہ اٹھوانیکے مستوجب سزا جرمانہ کا ہوگا۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء
۲- ٹھنڈی لال ٹھیکہ دار کے احاطہ مین گھورہ بہت جمع ہے کہ جو باعث مضر صحت اور احتمال وبائی بیماری کا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی فوراً ٹھیکہ دار سے گھورہ اٹھوا دیوین اور آئندہ کیواسطے ہدایت کیجاوے کہ گھورہ ہرگز جمع نکرین۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء
۳- قریب بھٹی شراب متصل سڑک گھورہ وغیرہ بہت پڑا ہوا ہے اوسکی صفائی ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی فوراً صفائی کرا دیوین۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء
۴- موہنی چیدا لال بقال ساکن ملک درخواست کشادگی دروازہ قدیم جسپر سیمنٹ مٹی چڑھا ہوا ہے گذرانی۔	بالاتفاق بعد معائنہ موقع اور رپورٹ محرر صفائی تجویز ہوا کہ یہ دروازہ قدیم ہے جدید نہین ہے اسلئے کوئی ہرج سرکار نہین وقت نالہ پار نمبر اول لہذا سائل کو دروازہ کھول لینے کی اجازت دیجاوے صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔ ملاحظہ ہوا - ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء

حاکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

بعد ملاحظہ ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام لکھے گئے ایک نقل درج گزٹ ہو اور اصل برائے تعمیل میونسپلٹی کو واپس ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ منشی محمد ہادی حسن خانصاحب مجسٹریٹ نائب صدر نشین

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکریٹری

شرکار ملازمین

۱- حکیم احمد رضا صاحب — مہتمم صدر شفاخانہ یونانی

۲- سید عبد الخالق صاحب حکیم — مہتمم شفاخانہ ڈیوڑھیات

۳- مولوی محمد یعقوب علیخانصاحب — وکیل سرکار

شرکار غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ کرم خانصاحب ممبر - ۲- محمد معز احمد خانصاحب ممبر

۳- مولوی محمد عبد الصمد صاحب وکیل ممبر - ۴- سید ابراہیم صاحب وکیل ممبر

۵- سید اعلیٰ صاحب وکیل ممبر - ۶- حافظ مستقیم صاحب مستاجر ممبر

۷- لالہ گنیشی لال صاحب ممبر - ۸- لالہ بین دیال صاحب ممبر

۹- لالہ بلدیو داس صاحب ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی محلہ داران نالہ پار بدرخواست نصب لالٹین در مسجد۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سررشتہ صفائی سے کیفیت طلب کی جاوے کہ روشنی مساجد کیلئے جو دو سو روپیہ سال صرف خیر سے ملتا ہے اوس میں گنجائش ہے یا نہیں اور کسقدر مساجد میں روشنی ہوتی ہے اور کیا کیا مساجد ایسی ہیں جن میں میونسپلٹی سے روشنی کیجاتی ہے مفصل رپورٹ آنا چاہیئے۔

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

۲- نوٹ مولوی محمد یعقوب صاحب ممبر دربارہ نصب لالٹین در مسجد	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ نوٹ بھی شمول عرضی محلہ داران نالہ پار نمبر اول بطلب کیفیت صفائی کو بھیجو۔

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

۳ — عرضی [illegible] درباره [illegible] نصب لالٹین نزد مسجد —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جس قدر لالٹین شہر کو پُر روشن ہوتی ہیں اور کام چلتا ہے اگر زیادہ جاری ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا اور اگر جگہ لالٹین بہ فاصلہ زیادہ نصب ہوں بلکہ بعض بعض مواقعات پر کمی بیشی کے ساتھ لالٹین نصب ہوں تو اس سڑک کی لالٹین بھی دیکھکر ایک لالٹین اس موقع سے لگا دیجاوے کہ مسجد کو بھی روشنی پہنچے اور سڑک کا بھی حرج نہو۔ ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء [illegible]
کمیٹی کی تجویز مناسب ہے اور منظور ہے	
۴ — عرضی [illegible] بازی خانہ درباره صفائی سڑک چکر و نصب لالٹین قریب بازی خانہ —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ خاکروب و لالٹین کی سڑک چکر پر کچھ ضرورت نہیں ہے اور کسی جانب روشنی و صفائی ہوتی ہے عرضی خارج ہو کر داخل دفتر ہو — ملاحظہ ہوا — ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء [illegible]
۵ — عرضی [illegible] بہ خواہش [illegible]؛ عرضی عبد المجید خان بابت اجرائے بھٹی [illegible] مثل سابقہ	بالاتفاق تجویز ہوئی [illegible] ۵ اگست ۱۸۹۱ء کی جلسہ ہو چکی ہے کہ بھٹیات چونہ کا شہر میں نامناسب اور خرابی آب و ہوا کا اندیشہ ہے لہذا جملہ بھٹیاں شہر سے علحدہ کر دیجاویں اور موری دروازہ و بریلی دروازہ آبادی سے علحدہ کیجاویں اور یہ تجویز اجلاس صاحب جج و سیشن بہادر سے بھی منظور ہو چکی ہے پس کوئی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ اوس تجویز و حکم سابقہ کی تنسیخ کر کے شہر میں بھٹیات چونہ کی اجازت دیجاوے [illegible] مگر ان کا کام موری دروازہ و بریلی دروازہ جاری ہو سکتا ہے اطلاع دیجاوے — مگر ان کا شاید بھٹی جاری ہو وہ بند کیجاوے —
بھٹی جاری کرنے کی اجازت نہیں ہو سکتی [illegible] — ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء [illegible]	
۶ — تخمینہ چاہ محلہ [illegible] بابت درستی —	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب سکرٹری بورڈ اس چاہ کا خود معائنہ کریں اگر اس قابل ہو کہ اسکی عدم درستی سے محلہ داران کا حرج ہوگا اور اس سے

پاس کیا اسکا ہی فہرست ...

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء عیسوی

۷ - عرضی وزیر شکر دلیخ معہ تخمینہ تیاری فرش تہہ رقمی للعہ روپیہ وللعہ روپیہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تیاری فرش تہہ ... تخمینہ بیسو سیلی ایسی کاموں میں روپیہ صرف کرنا ... ٹھیکدار کا تخمینہ ہی لہذا وہ خود تہہ کا فرش ... صرف ... مرضی ہو تو بیسو سیلی سے بہی اسی قدر ...

ملاحظہ ہوا - ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء

۸ - عرضی حشمت علیخاں معہ تخمینہ رقمی ... بابت انبا شتگی گڑہا قریب زیارت شاہ درگاہی صاحب -	صاحب شیشن جج بہادر اس موقع کو ملاحظہ فرمائینگے تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات باجلاس صاحب ممدوح الیہ بہادر ...

درخواست نامنظور کیجاوی - ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء

۹ - نقشہ واصلباقی تحصیل پرتہ چوکیدارہ نفایت آخر جنوری ۱۸۹۲ء	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ملاحظہ نقشے سے واضح ہے کہ آخر جنوری تک رقم پرتہ تعدادی ... قابل وصول باقی رہے یہ کارروائی سررشتہ صفائی کے بہت ناقص ہے باقی زیادہ ہے لہذا تاکید تحصیل وصول کیجاوے فروری کا نقشہ نہیں آیا طلب ہو اور وجہ عدم روانگی دریافت کیجاوے -

ملاحظہ ہوا ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء عیسوی

۱۰ - عرضی سید جعفر شاہ مہرکن ربارہ معافی پرتہ چوکیدارہ زنگی خود بوجہ افلاس -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ دوکان حافظ مستقیم صاحب کے حلقہ میں ہے لہذا عرضی اونکے پاس بھیجی جاوے کہ حالت دریافت کرکے لکہیں کہ قابل معافی ہے یا نہیں -

ملاحظہ ہوا ۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء عیسوی

۹ — عرضی سید آل نبی بدرخواست معافی پرتہ بوجہ نادار ہونے خود

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ شخص مولوی یعقوب علی خانصاحب وکیل سرکار مجسٹریٹ کے حلقہ میں ہے لہذا اونکے پاس عرضی بھیجکر حال مفلسی سایل دریافت کیا جاوے۔

ملاحظہ ہوا ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ عیسوی

دستخط انگریزی ۔ صاحب پریسیڈنٹ
صحیح جوڈیشیل ممبر بہادر

---

۱۰ — نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ دربارہ تجویز مقامات بنابر دفن جانوران حسب دفعہ (۲۱) دستور العمل۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صاحب صفائی مقامات مناسب تجویز کر کے ایکہفتہ کے اندر اطلاع دیں۔

ملاحظہ ہوا ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ عیسوی

دستخط انگریزی ۔ صاحب پریسیڈنٹ
صاحب جوڈیشیل ممبر بہادر

---

۱۲ — نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ دربارہ تجویز مقامات بنابر کوڑہ کرکٹ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صاحب صفائی مقامات مناسب تجویز کر کے ایکہفتہ کے اندر اطلاع دیں۔

ملاحظہ ہوا ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ عیسوی

دستخط انگریزی ۔ صاحب پریسیڈنٹ
صحیح جوڈیشیل ممبر بہادر

---

۱۴ — نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ دربارہ تعین میعاد اجازت نامہ تعمیر مکانات وغیرہ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اجازت نامہ کی میعاد تین مہینے کی مقرر کیجاوے تاریخ وصول اجازت نامہ سے تین مہینے کے اندر حاصل کنندہ کو تعمیر کرنا چاہیے بعد انقضائے میعاد تین ماہ دوبارہ اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

تجویز کمیٹی میونسپلٹی منظور ہے ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ء

دستخط انگریزی ۔ صاحب پریسیڈنٹ
صاحب جوڈیشیل ممبر بہادر

---

۱۵ — عرضی موہن لال وکیل عدالت فوجداری بدرخواست درستی من و صفائی بیاہ موتو محلہ بذریعہ خانسامان۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سررشتہ صفائی سے اصل کیفیت طلب ہو۔

ملاحظہ ہوا ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ عیسوی

دستخط انگریزی ۔ صاحب پریسیڈنٹ
صاحب جوڈیشیل ممبر بہادر

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور